آیتِ درود کے وقت حق نبی کہنا کیسا؟
الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں سنی مساجد میں بڑے عرصے سے دیکھ رہا ہوں کہ جب یہ آیت اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ" پڑھی جاتی ہے تو لوگ حق یانبی کہتے ہیں ایسا کرنا کیسا ہے۔

سائل : ہاشم ۔لنڈن یوکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

پوچھی گئی صورت میں سامعین پر خاموشی سے قرآن سننا فرض ہے اور اس وقت دوران استماع آیت حق نبی یا کسی بھی طرح کے دوسرے الفاظ کہنا ناجائز ہے کیونکہ جب بلند آواز سے قرآن پڑھا جائے تو تمام حاضرین پر سُننا فرض ہے، جب کہ وہ مجمع سُننے کی غرض سےحاضر ہوا ہو۔

جیسا کہ اللہ تعالی قرآن میں ارشاد فرماتا ہے -وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے کان لگا کر سنو اور خاموش رہو کہ تم پر رحم ہو۔

(پ۹، الاعراف: ۲۰۴)

خزائن العرفان میں ہے : اس آیت سے ثابت ہوا کہ جس وقت قرآنِ کریم پڑھا جائے خواہ نماز میں یا خارِج نماز ، اس وقت سننا اور خاموش رہنا واجب(فرض) ہے۔

اور فتاوی رضویہ میں ہے : قرآن مجید پڑھا جائے اسے کان لگا کر غور سے سننا اور خاموش رہنا فرض ہے۔

(فتاوی رضویہ ج23 ص 351)

اور ردالمحتار میں ہے:**وَحَاصِلُ الْآيَةِ أَنَّ الْمَطْلُوبَ بِهَا أَمْرَانِ الِاسْتِمَاعُ وَالسُّكُوتُ، فَيَعْمَلُ بِكُلٍّ مِنْهُمَا، وَالْأَوَّلُ يَخُصُّ الْجَهْرِيَّةَ، وَالثَّانِي لَا فَيَجْرِي عَلَى إطْلَاقِهِ فَيَجِبُ السُّكُوتُ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ مُطْلَقًا"**

آیت قرآن کا حاصل یہ ہے کہ دونوں امر یعنی غور سے سننا اور خاموش رہنا مطلوب ہیں اور ان دونوں پر عمل کیا جائے گا پہلا جہر کے ساتھ خاص ہے اور دوسرا کسی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ مطلق قراتِ قرآن کے وقت خاموشی فرض ہے۔

(ردالمحتار باب فصل فی القراۃ ج1ص545)

معلوم ہواکہ استماع قرآن کے وقت خاموشی بھی فرض ہے تو اس وقت کسی بھی طرح کے الفاظ کہنا خاموشی کے خلاف اور ضرور ناجائز اور ہر سنی مسلمان کو اس سے اجتناب ضروری ہے۔

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 20-12-2017

SAYING “HAQQ NABI” (THE TRUE PROPHET ﷺ) DURING THE RECITATION OF THE VERSE OF PRAYERS UPON THE PROPHET ﷺ

الحمدلله والصلوة والسلام علی رسول الله

Question:

What do the scholars and muftis of the noble Shari’ah say regarding the following matter; I have been observing since long time that in the Sunni masjids, when the verse اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ is recited, people say “Haqq Ya Nabi” (True, O Prophet!). What is the ruling regarding this?

Questioner: Hashim, London, UK.

Answer:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايَۃَ الحَق والصواب

In the scenario in question, it is *fard* (obligatory) upon the listeners to remain silent and listen to the Qur’an. It is impermissible to say “Haqq Nabi” or anything else whilst listening to the verse. When the Qur’an is recited loudly, it is *fard* upon all those present, to listen to it, if they have gathered with the purpose of listening to it. Allah ﷻ states:

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

Translation: “And when the Qur’an is recited, listen to it attentively, and observe silence so that mercy may be bestowed upon you.” [Surah al-A’raf, 204]

It is mentioned in Khaza’in al-‘Irfan: “It is proven from this verse that when the Holy Qur’an is recited, be it in *salah* (the ritual prayer) or elsewhere, listening to it and remaining silent is *wajib* (*fard*).”

It is stated in al-Fatawa al-Ridawiyyah: “When the Noble Qur’an is recited, listening to it attentively and remaining silent is *fard*.” [al-Fatawa al-Ridawiyyah, vol. 23, pg. 351]

Furthermore, it is stated in Radd al-Muhtar:

وَحَاصِلُ الْآيَةِ أَنَّ الْمَطْلُوبَ بِهَا أَمْرَانِ الِاسْتِمَاعُ وَالسُّكُوتُ، فَيَعْمَلُ بِكُلٍّ مِنْهُمَا، وَالْأَوَّلُ يَخُصُّ الْجَهْرِيَّةَ، وَالثَّانِي لَا فَيَجْرِي عَلَى إطْلَاقِهِ فَيَجِبُ السُّكُوتُ عِنْدَ الْقِرَاءَةِ مُطْلَقًا

Translation: “It is deduced from the verse that both the actions, i.e. listening attentively and remaining silent, are required. They must be acted upon. The first one is exclusive to loud recitation and the second one is absolute (and not exclusive). Thus, it is obligatory to remain silent during Qur’anic recitation.” [Radd al-Muhtar, vol. 1, pg. 545]

Therefore, silence is *fard* during the listening of Qur’anic recitation. Saying anything during it is against silence and is definitely impermissible. It is necessary for every Sunni Muslim to abstain from it.

واللہ اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri

Translated by the SeekersPath Team